ایم کیوایم بدین زون گورلاچی یونٹ کے سینئر کارکن ویری انتقال کرگئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔27، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ بدین زون گورلاچی یونٹ کے سینئر کارکن ویری علالت کے باعث وفات پا گئے ۔مرحوم کی عمر 31 سال تھی اور وہ ہیپا ٹائٹس B کے مرض میں مبتلا تھے ۔ویری مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور تحریکی کام کو اپنا فرض سمجھ کر سرنجام دیا کرتے تھے ۔مرحوم کے بھائی سیو جی بھی ایم کیوایم بدین زون گورلاچی یونٹ کے کارکن ہیں جبکہ ویری مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، ایک لڑکی اور 2 لڑکے شامل ہیں ۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ویری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین بھی کی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور ایم کیوایم بدین زون کی زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی ویری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے تمام سوگواران کو صبر کی تلقین کی ہے ۔

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن نے جمعیت غرباء اہل حدیث کے امیر علامہ مولانا عبدالرحمٰن سلفی کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔27، جولائی 2008ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر ورکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحسن نے جمعیت غربا اہل حدیث پاکستان کے امیر علامہ مولانا عبدالرحمٰن سلفی کی عیادت کی اور انکی خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن مولانا محمد ناصر یامین اور مولانا عبدالرحمٰن سلفی کے صاحبزادے فیصل سلفی بھی موجود تھے ۔خواجہ اظہار الحسن نے علامہ مولانا عبدالرحمٰن سلفی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔اس موقع پر مولانا عبدالرحمٰن سلفی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو سلام کہا اور ان کی علالت پر صحت یابی کیلئے اپیل کرنے پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے
متحدہ قومی موومنٹ کے گیارہویں یوم تاسیس پر، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی ۔۔۔27، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار سردار خان اور اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ کے گیارہویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ 26 جولائی 1997ء کا دن ملک کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے اور اس دن مہاجر قومی موومنٹ کو متحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کرکے پاکستان کے تمام مظلوموں اور محکموں کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ۔اپنے مشترکہ بیان میں پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں تمام تر سازشوں اور پروپیگنڈوں کے باوجود پاکستان کے کونے کونے سے لوگ شامل ہورہے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام سمجھ چکے ہیں کہ ملک کی اصل خرابی کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے جس کو صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہی جڑ سے اکھاڑ کر پھینک سکتی ہے ۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک سے جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے آخری دم تک جدوجہد جاری رکھیں گے ۔

کے پی ٹی یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کے منتخب چیئرمین اسد میر خان کو ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مبارکباد

کراچی ۔۔۔27، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹر کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی کے نومنتخب چیئرمین اسد میر خان کو دلی مبارکباد دی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین لیبر ڈویژن نے امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب چیئرمین اسد میر خان کے پی ٹی کے محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے اور محنت

کشوں کے جائز مسائل کے حل میں خصوصی دلچسپی لیں گے۔

ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گھاروکی کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔27،جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گھاروکی یونٹ کمیٹی کے رکن لیاقت علی جوکھیو کے والد جمعہ خان جوکھیو کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆